سوال

(567)ہیڈفون لگا کر نماز پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ہیڈفون لگا کر نماز پڑھنا کیسا ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

نماز مؤمن کی معراج ہے۔ نماز آنکھوں کی ٹھنڈک ہے، نماز انتہائی خشوع وخضوع کی متقاضی ہے، جس میں انسان دنیا کے تمام امور سے کٹ کر اپنے خالق حقیقی کے ساتھ لو لگا لیتا ہے، اور اس کے ساتھ راز ونیاز اور مناجات کرتا ہے۔

جبکہ ہیڈفون لگا کر نماز پڑھنا ان حکمتوں اور مقاصد کے منافی ہے۔ جس سے خشوع وخضوع میں خلل واقع ہوتا ہے۔ لہذا انسان کو ایسے تمام امور سے اجتناب کرنا چاہیئے، جن سے خشوع وخضوع میں خلل واقع ہوتا ہو۔

ہذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

کتاب الصلاۃ جلد 1